PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE
PCB.COM.PK

پریذیڈنٹ ٹرافی گریڈ ون : ہائر ایجوکیشن نے کے آر ایل کو 130 رنز سے ہرادیا

- فاتح ٹیم کے محمد عزب کی میچ میں 9 وکٹیں
- کے آر ایل کے ارشد اللہ کی میچ میں 10 وکٹیں
- اسٹیٹ بینک نے پی ٹی وی کو اننگز اور 106 رنز سے شکست دے دی
- فاتح ٹیم کے محمد اسمعیل کی میچ میں 9 وکٹیں
- ایس این جی پی ایل نے اوجی ڈی سی ایل کو 7 وکٹوں سے ہرادیا
- غنی گلاس نے ایشال ایسوسی ایٹس کو 229 رنز سے شکست دے دی

کراچی، 6 جنوری 2024ء:

پریذیڈنٹ ٹرافی گریڈ ون کرکٹ ٹورنامنٹ کے دوسرے راؤنڈ کے چاروں میچوں کا فیصلہ تیسرے دن ہی ہوگیا۔

ہائر ایجوکیشن نے کے آر ایل کو 130 رنز سے شکست دے دی ۔

اسٹیٹ بینک نے پی ٹی وی کے خلاف اننگز اور 106 رنز سے کامیابی حاصل کی۔

ایس این جی پی ایل نے او جی ڈی سی ایل کے خلاف 7 وکٹوں سے میچ جیتا۔

غنی گلاس نے ایشال ایسوسی ایٹس کو 229 رنز سے ہرادیا۔

ان میچوں کی خاص بات محمد عزب ، ارشد اللہ اور محمد اسمعیل کی عمدہ بولنگ تھی۔

این بی پی اسپورٹس کمپلیکس میں کے آر ایل کو ہائر ایجوکیشن کے خلاف جیتنے کے لیے 194رنز کا ہدف ملا تھا لیکن پوری ٹیم صرف 63 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی۔

لیفٹ آرم فاسٹ بولر محمد عزب نے 13رنز دے کر 4وکٹیں حاصل کیں اسطرح میچ میں انہوں نے مجموعی طور پر 9 وکٹیں حاصل کیں۔

اس سے قبل ہائر ایجوکیشن کی ٹیم اپنی دوسری اننگز میں 239 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی تھی ۔ عبید شاہد نے 72 رنز اسکور کیے۔

لیفٹ آرم فاسٹ بولر ارشد اللہ نے 65 رنز دے کر 5وکٹیں حاصل کیں۔انہوں نے پہلی اننگز میں بھی عمدہ بولنگ کرتے ہوئے 31رنز دے کر 5وکٹیں حاصل کی تھیں۔

یہ لگاتار دوسرا میچ ہے جس میں انہوں نے 10 وکٹیں حاصل کی ہیں ۔ اس سے قبل انہوں نے واپڈا کے خلاف میچ میں 11وکٹیں حاصل کی تھیں۔

ایس بی پی اسپورٹس کمپلیکس میں پی ٹی وی نے اسٹیٹ بینک کے خلاف تیسرے دن اپنی دوسری اننگز 52رنز بغیر کسی نقصان کے شروع کی تو اسے اننگز کی شکست سے بچنے کے لیے 270 رنز درکار تھے لیکن پوری ٹیم 215 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی۔ شامل حسین نے 49 رنز اسکور کیے۔

محمد اسمعیل نے 92 رنز دے کر 5وکٹیں حاصل کیں۔انہوں نے پہلی اننگز میں 4 وکٹیں حاصل کی تھیں۔

یوبی ایل اسپورٹس کمپلیکس میں دفاعی چیمپئن ایس این جی پی ایل کو او جی ڈی سی ایل کے خلاف جیتنے کے لیے 178رنز کا ہدف ملا تھا جو اس نے 3 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ قاسم اکرم 7 چوکوں اور 2 چھکوں کی مدد سے 58 رنز بناکر ناٹ آوٹ رہے۔ عابد علی 49 اور سعد خان 47 رنز بناکر آوٹ ہوئے۔

اس سے قبل او جی ڈی سی ایل کی ٹیم اپنی دوسری اننگز میں 178 رنز بناکر آوٹ ہوگئی۔ عادل امین نے 54 رنز اسکور کیے۔ شہزاد گل نے 33 رنز دے کر 4وکٹیں حاصل کیں۔
ایچ پی سی اوول گراونڈ میں ایشال ایسوسی ایٹس کو غنی گلاس کے خلاف جیتنے کے لیے 329 رنز کا ہدف ملا تھا لیکن پوری ٹیم صرف 99 رنز بناکر آوٹ ہوگئی ۔

عبید شاہ نے 44 رنز دے کر 4 وکٹیں حاصل کیں۔ آفاق آفریدی نے تین کھلاڑی آوٹ کیے۔

اس سے قبل غنی گلاس کی ٹیم دوسری اننگز میں 242 رنز بناکر آوٹ ہوگئی تھی ۔ شرجیل خان نے 53اور رمیز جونیئر نے 50 رنز بنائے۔

-ENDS-

Media contact:

Media, Communications and Digital Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Pathway Cricket Programme

Broadcast & Live Streaming Partners

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4